© rasailojaraid.com



شائع کیا ہے جو بہت خوب صورت ہے اور ہر لحاظ سے معیاری۔ عربی متن بہت صاف اور اعراب کے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر دے۔ (مسلم سجاد)

**مسلم دنیا**، ۹۷-۱۹۹۶، تحریر و تحقیق: فیض احمد شہابی۔ ناشر: مکتبہ معارف اسلامی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ صفحات: ۸۱۷۔ قیمت: درج نہیں۔

یہ کتاب مسلم اقلیتوں کے حالات و واقعات اور اسلامی ملکوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا جامع ریکارڈ ہے۔ ادارہ معارف اسلامی اس سے قبل بھی اس طرح کی ایئر بک (شمارہ ۱، ۲، ۳) پیش کر چکا ہے۔ موجودہ شمارہ (۴، ۵، ۶) ۱۹۹۶ اور ۱۹۹۷ کے حالات پر مبنی ہے۔

حالات عالم تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں (جس کے نتیجے میں فاصلے بالکل سمٹ چکے ہیں)۔ مسلم امت کو بھی اسی تیزی کے ساتھ ایک دوسرے کے مسائل و حالات اور تجربات سے آگاہی کی اشد ضرورت ہے۔ اطلاعات و نشریات کے اس دور میں باہمی بے خبری کا کوئی جواز نہیں ہے۔ اس تالیف میں ممالک کے بارے میں معلومات حروف تہجی کی ترتیب سے دی گئی ہیں۔ پہلے بنیادی معلومات (طرز حکومت، رقبہ، آبادی، آمدنی وغیرہ) فراہم کی گئی ہیں، بعدازاں پچھلے پانچ سات برسوں میں ہونے والے واقعات کا مختصر احاطہ کیا گیا ہے اور اس کے بعد ۹۷-۱۹۹۶ میں ہونے والے واقعات اور ان کے پیش منظر و پس منظر کا ذکر ہے۔ اس طرح قاری کو ایک واضح رائے قائم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ واقعات کے اندراج میں حتی المقدور صحت کا خیال رکھا گیا ہے۔ تاہم کچھ ممالک کے تازہ ترین حالات نہیں آ سکے، مثلاً البانیہ کے تذکرے میں ۱۹۹۴ کے بعد کے حالات کا ذکر نہیں ہے جبکہ وہ شدید بحران سے گزرا ہے۔

اس اہم مجلّے کی تیاری پر جو محنت کی گئی ہے، وہ قابل داد ہے۔ لائبریریوں، طلبا، علما، قانون دان، مقابلے کے امتحانات میں شرکت کرنے والوں اور امت مسلمہ کے حالات سے دلچسپی رکھنے والے عام قارئین کے لیے بھی یہ نادر تحفہ ہے۔ (محمد ایوب منیر)

**روزہ اور رمضان**، مرتبہ: خرم مراد۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۸۶۔ قیمت: ۱۵ روپے، فی سیکڑہ: ایک ہزار روپے۔

مرحوم خرم مراد نے اپنے زمانہ ادارت میں روزے اور رمضان سے متعلق بعض اکابر اور بعض معاصر علما کی منتخب تحریریں ترجمان القرآن میں شائع کی تھیں۔ اسی انتخاب کو اب ایک مضمون کے اضافے کے ساتھ زیر نظر کتاب کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ لکھنے والے: سید قطب، امام غزالی، شاہ ولی اللہ، سید

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قطب شہید، مولانا اشرف علی تھانوی، سید ابوالاعلیٰ مودودی، سید سلیمان ندوی، عروج احمد قادری، محمود فاروقی اور حکیم محمد سعید شہید--- موضوع جیسا پاکیزہ ہے، اور لکھنے والوں کو موضوع پر جیسی مہارت اور قلم پر جیسی گرفت حاصل ہے، کتاب کی طباعت و پیش کش بھی ویسی ہی حسین و جمیل اور سرورق دل کش ہے۔ ماہ مقدس میں اہتمام صیام و عبادات کے ساتھ، ایسی کتابوں کی نشرواشاعت اور انھیں زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچانا بھی رمضان المبارک کی سعادتوں میں شمار ہو گا۔ (ر - ہ)

(مجلہ) **پکار**، ذرائع ابلاغ نمبر۔ مدیرہ: عظمیٰ لطیف۔ مقام اشاعت: ۷-ابدالی سٹریٹ، اتحاد کالونی، لاہور۔ صفحات: ۱۳۲۔ قیمت: ۱۵ روپے۔

ذرائع ابلاغ (میڈیا) کے ذریعے پھیلائی جانے والی فکر، اکثر و بیش تر صورتوں میں ہماری تہذیبی، ثقافتی اور معاشرتی زندگی کے لیے حد درجہ ضرر رساں ہے۔ نسل نو کو اس کے منفی اثرات سے کیسے اور کیونکر بچایا جائے؟ اور اس سے مثبت اثرات حاصل کرنے کے لیے کیا تدابیر اختیار کی جائیں؟ اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے پکار کا یہ خاص نمبر مرتب کیا گیا ہے۔ قلم کاروں میں نوآموز لکھنے والی طالبات بھی ہیں، اور معروف اہل علم و دانش بھی۔ یوں اصلاح ذرائع ابلاغ کے لیے مفید، اور معلومات افزا بہتر مواد جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ جناب مرزا ادیب کا ایک مصاحبہ (انٹرویو) بھی شامل ہے۔

یہ خاص نمبر اس لیے بھی قابل تعریف ہے کہ اس سلسلے میں بنیادی فریم ورک اور کاوش طالبات کی ہے۔ نوجوان نسل کا اس مسئلے کی نزاکت کو محسوس کرنا، اور اس ضمن میں اصلاح احوال کے لیے کاوش، پاکستان کے مستقبل کے لیے ایک فال نیک ہے۔

رسالے کا سرورق خوب صورت اور جان دار ہے۔ پروف ریڈنگ کی اغلاط پر توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے۔ حصہ نظم کا معیار بھی مزید بہتر بنانا چاہیے۔ (زبیدہ جبیں)

## مطبوعات موصولہ

☆ **علامہ اقبال اور بلوچستان**، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ناشر: اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، بہ اشتراک سیرت اکادمی بلوچستان، معرفت مکتبہ شال ۲۷۲، اے، او بلاک ۳، سیٹلائیٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۲۶۸۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔ [اقبال کا سفر بلوچستان، لاہور میں اقبال سے بعض بلوچی اصحاب کی ملاقاتیں، بلوچستان کے اقبالیاتی ادارے اور ان میں ذکر اقبال، اقبال سے فکری طور پر متاثر شعرا، ادبا، نیز پشتو، بلوچی اور براہوی رسالوں اور کتابوں میں ذکر اقبال--- یہ اس کتاب کا دوسرا اضافہ شدہ ایڈیشن ہے اپنے موضوع پر ایک معلومات افزا اور عمدہ کتاب]۔

© rasailojaraid.com